© rasailojaraid.com

## دارالعلوم کے شب وروز ____________ جناب شفیق الدین فاروقی

فرانسیسی سفارت کار کی دارالعلوم تشریف آوری : گزشتہ دنوں فرنچ ایمبیسی کے کونسلر جناب مسٹر ڈانیل رِچ (Daniel Rich) سفارت خانے کے عملے کے بعض ارکان سمیت دارالعلوم حقانیہ کے ایک روزہ دورے پر تشریف لائے۔ آپ نے مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کے ساتھ تفصیلی ملاقات کی۔ بعد میں آپ نے دارالعلوم حقانیہ کا تفصیلی دورہ کیا اور کئی اساتذہ اور طلباء سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات مہتمم صاحب مدظلہ کی رہائش گاہ پر ہوئی۔

برطانوی سفارتکار کی دارالعلوم آمد :۔ ۷ اپریل بروز جمعہ انگلینڈ ہائی کمیشن کے کونسلر رچرڈ جانسن سکوئر دارالعلوم تشریف لائے اور آپ نے مولانا مدظلہ سے ملکی اور عالمی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ دورانِ گفتگو مسئلہ کشمیر، کلنٹن کی پاکستان آمد، تحریک طالبان اور شمالی اتحاد کے درمیان ہونے والے مذاکرات، دینی مدارس اور ان کا کردار جیسے اہم موضوعات پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔ مولانا مدظلہ نے ان پر زور دیا کہ برطانیہ نے ہی مسئلہ کشمیر کو ادھورا اور معلق چھوڑ رکھا ہے۔ اور اب یہ برطانیہ کا فرض بنتا ہے کہ وہ اس پرانے حل طلب مسئلہ پر خصوصی توجہ دے۔

سابق وزیراعظم جناب غلام مصطفیٰ جتوئی کی تشریف آوری گزشتہ ہفتے معروف سیاسی رہنما اور سابق وزیراعظم پاکستان جناب غلام مصطفیٰ جتوئی صاحب حضرت مہتمم صاحب مدظلہ سے ملاقات کیلئے دارالعلوم تشریف لائے۔ آپ نے ملک کی سیاسی صورتحال پر تفصیلی بات چیت کی۔

جاپانی ٹیلیویژن NHK کے ڈائریکٹر کی دارالعلوم آمد جاپان کے مرکزی ٹیلی ویژن کے ڈائریکٹر Yuichiro ISHII حضرت مولانا مدظلہ سے ملاقات اور دارالعلوم حقانیہ دیکھنے کیلئے تشریف لائے۔ آپ کے ہمراہ نیشنل اخبار کے کالمسٹ نفیس ٹکر بھی تھے۔ آپ نے مولانا مدظلہ کا تفصیلی انٹرویو ریکاڈ کیا جس میں افغانستان پاکستان کی سیاسی صورتحال اور اسلام کے بارے میں سوالات کیئے گئے۔ بعد میں آپ نے دارالعلوم کے مختلف حصوں کی فلم بندی کی۔

نیویارک ٹائمز سنڈے میگزین کے انچارج کی دارالعلوم آمد دنیا کے کثیر الاشاعتی اخبار نیویارک


© rasailojaraid.com